11/02/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج پیرس میں فرانس کے صدر ایمینوئل میخواں کے ساتھ بات چیت کریں گے، جس کا مقصد بھارت ۔فرانس تعلقات کو مزید مضبوط بنانا ہے۔

وہ کلیدی دو طرفہ بات چیت میں بھی حصہ لیں گے، جس دوران بھارت اور فرانس کے درمیان کئی اہم دو طرفہ معاہدوں پر دستخط ہونے کی امید ہے۔وزیر اعظم آج مصنوعی ذہانت ایکشن سمٹ میں بھی حصہ لیں گے۔

اس سے قبل وزیر اعظم کا کل شام فرانس پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے نئی دلی میں وزیر داخلہ امت شاہ کے ساتھ ملاقات کی ۔ جس دوران جموں کشمیر سے متعلق مختلف امور بشمول ریاستی درجہ کی بحالی ، سیکورٹی معاملات ، جموں کشمیر اسمبلی کا آنے والا بجٹ سیشن اور حکمرانی سے جڑے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

جتیندر سنگھ

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ایمز نئی دلی میں Srjanam نامی بھارت کی پہلی دیسی خودکار بایومیڈیکل ویسٹ ٹریٹمنٹ Rig کا آغاز کیا۔

CSIR نیشنل انسٹی ٹیوٹ for Interdisciplinary Science and Technology ترواننت پورم میں کے ذریعہ تیار کردہ، یہ Rig ملک میں اپنی نوعیت کا پہلا ادارہ ہے۔

اس موقع پر وزیر موصوف نے Waste to Wealth کی ایک مثالی تبدیلی نیز پائیدار اور ماحولیاتی تحفظات کی اہمیت پر زور دیا۔

جاوید احمد رانا

ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے جموں یونیورسٹی میں قبائلی زبانوں کا مرکز کھولنے کی وکالت کی ہے ۔ یونیورسٹی میں دن بھر چلنے والے ایک سمینار میں بولتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ مرکز جے اینڈ کے میں قبائلی زبانوں کی تحقیق ، دستاویزات اور فروغ کے لئے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ افتتاحی تقریب کی صدارت یونیورسٹی آف جموں کے وائس چانسلر پروفیسر اُمیش رائے نے کی۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں یونانی ڈے پر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔ اس موقع پر سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ بھی موجود رہیں گے۔

واضح رہے کہ گیارہ فروری ،ہر سال مشہور یونانی طبیب، ماہر تعلیم اور آزادی پسند رہنما حکیم اجمل خان کے یوم پیدائش کے اعزاز میں یونانی ڈے کے طور پر منایا جاتا ہے۔

Deworming

ڈے کل منایا گیا ہے۔ Deworming انسان کے پیٹ میں پلنے والے ضرررسانکیڑے مخالف دوائی لینے کا عالمی دن

یہ دن منانے کا مقصد لوگوں بالخصوص بچوں میں یہ دوائی لینے سے متعلق بیداری پیدا کرنا اور انہیں اس کے لئے آمادہ کرنا ہے ۔ دوائی لینے کی اہمیت اور اس کے فوائد سے متعلق گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں Pediatrics ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ ڈاکٹر پرویز احد نے شعبہ خبر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔

بین الاقوامی دن

آج سائنس میں خواتین اور لڑکیوں کا بین الاقوامی دن ہے۔ اس سال کا موضوع ہے "Unpacking STEM careers: Her Voice in Science" -

اقوام متحدہ اس دن کو مختلف شعبوں میں خواتین کی مکمل اور مساوی رسائی نیز شرکت کو فروغ دینے کے لئے مناتا ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے اس سال سالانہ امرناتھ جی یاترا کے آغاز سے قبل امرناتھ جی شرائن بورڈ کی 14 ویں اعلیٰ سطحی کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے تمام متعلقہ افسران کو انتظامات کو اچھے ڈھنگ سے یقینی بنانے کی ہدایت دی ۔ چیف سکریٹری نے دیگر احکامات کے علاوہ تمام محکموں پر زور دیا کہ وہ آئندہ مہینے میں ہی ٹینڈرنگ اور معاہدے سے متعلق دیگر عملوں کو مکمل کریں۔

شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششیر گپتا نے ڈسٹرکٹ لیول ایکسپورٹ پروموشن کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ جس دوران ضلع کے لئے ڈسٹرکٹ ایکسپورٹ ایکشن پلان کا جائزہ لیا گیا ۔ یٹنگ میں ون ڈسٹرکٹ ون پروڈکٹ کے اقدام پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔

تاہم سرینگر کرگل روڑ // بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن روڈ ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

اُدھر کپواڑہ سے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ تازہ برف باری کی وجہ سے چوکیبل -ٹینگڈار روڈ کو گاڑیوں کی آمد رفت کے لئے بند کردیا گیا ہے۔

بانڈی پورہ کے ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ رازدان ٹاپ پر تازہ ہلکی برف باری کے پیش نظر ضلع انتظامیہ نے بانڈی پورہ گریز روڑ کو احتیاطی طور گاڑیوں کی نقل و حرکت کے لئے فی الحال بند کیا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 2 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ